# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Thursday, the 10th April, 2025 at 11.00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### QUESTIONS

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**3.** **MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM**
**MR. MUHAMMAD SHAHARYAR KHAN MAHAR**
**MR. RAMESH LAL**
**MR. ASAD ALAM NIAZI**
**MR. KHURSHID AHMED JUNEJO**
to invite attention of the Minister for Planning, Development and Special Initiatives to a matter of urgent public importance regarding non-inclusion of the Hyderabad-Sukkur Motorway project in the PSDP for the fiscal year, 2024-25, causing grave concern amongst the public.

### RESOLUTION

**4.** **SYED MOHSIN RAZA NAQVI,** Minister for Interior and Narcotics Control to move the following Resolution:-

> "That the National Assembly resolves to extend the Societies Registration (Amendment) Ordinance, 2024 (XI of 2024) for a further period of one hundred and twenty days w.e.f. 27th April, 2025 under proviso to sub-paragraph (ii) of paragraph (a) of clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan".

### LEGISLATIVE BUSINESS

**5.** **MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to move that the Bill further to amend the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975 [The Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**6.** **MR. KHALID MAQBOOL SIDDIQUI,** Minister for Federal Education and Professional Training, to move that the Bill further to amend the Federal Board of Intermediate and Secondary Education Act, 1975 [The Federal Board of Intermediate and Secondary Education (Amendment) Bill, 2024], be passed.

**7.** **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs, to move that the Bill to amend the Special Technology Zones Authority Act, 2021 [The Special Technology Zones Authority (Amendment) Bill, 2025], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**8.** **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs, to move that the Bill to amend the Special Technology Zones Authority Act, 2021 [The Special Technology Zones Authority (Amendment) Bill, 2025], be passed.

### PRESENTATION OF PERIODICAL REPORTS OF THE STANDING COMMITTEE

**9.** **NAWABZADA IFTIKHAR AHMED KHAN BABAR,** Chairman Standing Committee on Aviation, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**10. MS. MUNAZA HASSAN,** Chairperson Standing Committee on Climate Change and Environmental Coordination, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**11. RAI HASSAN NAWAZ KHAN,** Chairman Standing Committee on Railways, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**12. DR. MAHESH KUMAR MALANI,** Chairman Standing Committee on National Health Services, Regulations and Coordination, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**13. SYED HAFEEZUDDIN,** Chairman Standing Committee on Industries and Production, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**14. MR. AZIM UDDIN ZAHID,** Chairman Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture, to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**15. MR. MUHAMMAD IDREES,** Chairman Standing Committee on Energy (Power Division), to present the Periodical Report of the Committee for the period 1st July, 2024 to 31st December, 2024, as required by rule 234-A of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

**MOTION OF THANKS**

**16. Further discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs on 12th March, 2025:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both Houses assembled together on 10th March, 2025."

**MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER**

**17.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

**CALLING ATTENTION NOTICE**

**18. MS. ALIYA KAMRAN MR. MUHAMMAD USMAN BADINI** to invite attention of the Minister for Religious Affairs and Interfaith Harmony to a matter of urgent public importance regarding failure to secure private Hajj quota from Saudi Arabia for the Hajj in 2025, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**9th April, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو جمعرات، ۱۰/اپریل، ۲۰۲۵ء صبح گیارہ بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

### سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

### توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** **جناب اسد عالم نیازی** **جناب محمد شہریار خان مہر**
**جناب خورشید احمد جونیجو** **جناب رمیش لال** وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو پی ایس ڈی پی برائے مالی سال، ۲۵-۲۰۲۴ء میں حیدرآباد- سکھر موٹروے منصوبہ شامل نہ کئے جانے سے متعلق ہے۔

### قرارداد

۴۔ **سید محسن رضا نقوی**، وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"کہ قومی اسمبلی سوسائٹیز رجسٹریشن (ترمیمی) آرڈیننس، ۲۰۲۴ء (نمبر ۱۱ بابت ۲۰۲۴ء) میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۸۹ کی شق (۲) کے پیرا (الف) کے ذیلی پیرا (دوم) کے جملہ شرطیہ کے تحت ۲۷/اپریل، ۲۰۲۵ء سے مزید ایک سو بیس دن کی توسیع کا فیصلہ کرتی ہے"۔

### قانون سازی

۵۔ **جناب خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گے کہ فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی جانب سے رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۶۔ **جناب خالد مقبول صدیقی**، وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت تحریک پیش کریں گے کہ فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایکٹ، ۱۹۷۵ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن (ترمیمی) بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۷۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور تحریک پیش کریں گے کہ خصوصی ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں ترمیم کرنے کا بل [خصوصی ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] سینیٹ کی منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۸۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور تحریک پیش کریں گے کہ خصوصی ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں ترمیم کرنے کا بل [خصوصی ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

### قائمہ کمیٹی کی میعادی رپورٹوں کا پیش کرنا

۹۔ **نوابزادہ افتخار احمد خان بابر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے ہوابازی قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴-الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۰۔ **محترمہ منزہ حسن**، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی معاونت قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گی۔

۱۱۔ **رائے حسن نواز خان**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے ریلوے قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۲۔ **ڈاکٹر مہیش کمار ملانی**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۳۔ **سید حفیظ الدین**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے صنعت و پیداوار قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۴۔ **جناب عظیم الدین زاہد**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، قومی ورثہ و ثقافت قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

۱۵۔ **جناب محمد ادریس**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے توانائی (بجلی ڈویژن) قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۳۴۔الف کی مقتضیات کے مطابق یکم جولائی، ۲۰۲۴ء تا ۳۱ دسمبر، ۲۰۲۴ء کی مدت کے لئے کمیٹی کی میعادی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک تشکر

۱۶۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۱۲ مارچ، ۲۰۲۵ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر مزید بحث:۔

"یہ ایوان ۱۰ مارچ، ۲۰۲۵ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۱۷۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۱۸۔ **محترمہ عالیہ کامران** **جناب محمد عثمان بادینی** وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو ۲۰۲۵ء میں حج کے لئے سعودی عرب سے نجی حج کوٹا حاصل کرنے میں ناکامی سے متعلق ہے۔

اسلام آباد،
۹/اپریل، ۲۰۲۵ء

طاہر حسین
سیکرٹری جنرل